گورنمنٹ آف دی پنجاب
ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی
گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی، اولڈ ہڑپہ روڈ ساہیوال
ویب سائٹ: www.gctsahiwal.edu.pk ای میل: gct.swl@tevta.gop.pk فون نمبر: 040-4552630

نوٹس نیلام عام برائے درختاں

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مختلف سائز کے 763 عدد درختاں جن میں 16 عدد شیشم اور 747 متفرق اقسام خشک گرے پڑے، ٹنڈ، کھوکھلے جن کے کل شیشم یونٹ 2904.06 ہیں۔ جو کہ گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی اولڈ ہڑپہ روڈ ساہیوال کی چار دیواری ادارہ ہذا کے احاطہ میں پڑے ہیں جن کا نیلام عام مورخہ 15-12-2026 بوقت 01:30PM دفتر زیر دستخطی میں ہوگی۔

1: نیلامی اخبار اشتہار کے مطابق مقررہ، تاریخ اور وقت پر ہوگی۔

2: تمام درختوں کی نیلامی اکھٹی (ایک لاٹ کی صورت میں) جہاں ہے جیسے ہے کی بنیاد پر متعلقہ ادارہ میں ہوگی۔

3: تمام درختوں کا معائنہ ادارہ کے پرنسپل کی اجازت سے بولی کے ایک دن پہلے تک صبح 09:00 بجے سے دوپہر 03:00 بجے تک کیا جاسکتا ہے۔

4: بولی میں شامل ہونے کے لیے ہر بولی دہندہ کو بولی سے قبل قومی شناختی کارڈ کی کاپی اور (مبلغ -/100,000 روپے) زر بیعانہ کسی بھی شیڈول بنک سے بشکل (Bank Guarantee/CDR/Bankers Cheque/Pay order /Bank Draft) بنام پرنسپل گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی اولڈ ہڑپہ روڈ ساہیوال کو نیلامی سے ایک گھنٹہ قبل ادارہ ہذا کے شعبہ اکاؤنٹ میں اکاؤنٹنٹ کے پاس جمع کروانا ہونگے۔ بصورت دیگر زر بیعانہ جمع نہ ہوگی۔

5؛ بولی دہندہ اپنے قومی شناختی کارڈ پر صرف ایک (Bank Guarantee/CDR/Bankers Cheque/Pay order /Bank Draft) جمع کروا سکتا ہے۔ اور وہی بندہ بولی میں حصہ لے سکتا ہے۔

6؛ زر بیعانہ (Bank Guarantee/CDR/Bankers Cheque/Pay order /Bank Draft) لازمی طور پر بولی دہندہ کے اپنے بنک اکاؤنٹ سے یا اپنی کمپنی کے اکاؤنٹ سے جاری شدہ ہی جمع ہوگی بصورت دیگر زر بیعانہ جمع نہ ہوگا اور نہ ہی بولی دہندہ کو نیلامی میں شامل کیا جائے گا۔

7: کامیاب بولی دہندہ کو گورنمنٹ کے تمام مروجہ/لاگو ٹیکسز جس میں IncomTax انکم ٹیکس (فائلر کو 10% اور نان فائلر کو 20%) اور GST جی ایس ٹی (فائلر کو 18% اور نان فائلر کو 22%) بمعہ کل نیلامی کی رقم کے ساتھ جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

8: کامیاب بولی دہندہ کو کل رقم کا 15% فیصد (بمعہ تمام مروجہ/لاگو ٹیکسز) کے ساتھ موقع پر جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ اور بقایا تمام رقم بشمول تمام ٹیکسز 4 یوم میں ادا کرنے ہونگے۔ اور بولی منظور ہونے کے بعد کامیاب بولی دہندہ کو مذکورہ درخت اندریں سات (07) یوم میں اٹھانا ہوں گے۔

9: کامیاب بولی دہندہ نیلامی کی تاریخ سے اپنے سامان کی حفاظت وغیرہ کا خود ذمہ دار ہوگا اور دفتری اوقات کار کے دوران اپنے خرچے پر خود اٹھانے کا پابند ہوگا بصورت دیگر جمع شدہ زر بیعانہ اور سامان بحق سرکار ضبط کر لیا جائے گا۔ نیز کامیاب بولی دہندہ کو نیلام شدہ درخت جڑوں سے نکالنا ہونگے۔ اور ادارہ ہذا کی پراپرٹی کو بچانا ہوگا۔ نقصان کی صورت میں ٹھیکیدار کو پورا کرنا ہوگا۔

10: نیلام کمیٹی کوئی ایک یا تمام بولیاں قانون کے مطابق مسترد کرنے کی مجاز ہوگی۔ نیز Reserve پرائس سے کم پر نیلامی نہ ہوگی۔

11: سرکاری ملازمین نیلامی میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہیں۔

12: بولی کے وقت تمام بولی دہندگان کے پاس نادرا کا جاری کردہ اصل شناختی کارڈ ہونا لازمی ہے۔

13: غیر متعلقہ افراد کا ساتھ لانا منع ہے۔

14: نیلامی پر تمام حکومتی ٹیکسوں کی ادائیگی کامیاب بولی دہندہ کو علیحدہ سے ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

15: تمام بولی دہندگان پر PPRA اور گورنمنٹ رولز/شرائط کا اطلاق بھی ہوگا۔ اور ان شرائط بولی کو من وعن تسلیم کرنا ہوں گے۔

16: درج بالا تمام شرائط وقواعد ضوابط کی تشریح کا اختیار صرف نیلام کمیٹی کو ہوگا۔

17: ناکام بولی دہندہ کو (Bank Guarantee/CDR/Bankers Cheque/Pay order /Bank Draft) زر بیعانہ بولی کے بعد (07) یوم کے اندر واپس کر دی جائے گی۔

18 بولی دہندگان کے درمیان لڑائی جھگڑے کی صورت میں کنوینیر کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

19: کامیاب بولی دہندہ کو حلف نامہ لیگل پیپر پر دینا ہوگا۔

20: اگر بولی کسی بھی وجہ سے مقررہ تاریخ کو کامیاب نہ ہو سکی تو دوبارہ بولی مورخہ 16-12-2026 بوقت 01:30PM دفتر زیر دستخطی میں ہوگی۔

نوٹ: یہ اشتہار PPRA اور TEVTA کی ویب سائٹس پر بھی دیکھا جاسکتا ہے۔

المشتہر: پرنسپل گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی، اولڈ ہڑپہ روڈ ۔ ساہیوال

فون نمبر: 040-4552630

25-11-2026
Principal,
Govt. College of Technology
SAHIWAL